## گلستان جوہر میں ایم کیوایم کے یونٹ آفس پر اے این پی مسلح دہشت گردوں کی اندھا دھند فائرنگ،
## ایم کیوایم کی یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ شہید اور یونٹ انچارج سمیت چھ کارکنان زخمی ہوگئے

کراچی۔۔۔23 جولائی 2010ء

کراچی کے علاقے گلستان جوہر میں عوامی نیشنل پارٹی کے مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے یونٹ آفس پر اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ایم کیوایم کی یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ شہید اور یونٹ انچارج سمیت چھ کارکنان زخمی ہوگئے ۔تفصیلات کے مطابق گلستان جوہر کے علاقے میں جوہر چورنگی کے مقام پر واقع ایم کیوایم کے یونٹ آفس کے باہر کارکنان بیٹھے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکلوں پر سوار اے این پی کے مسلح دہشت گردوں نے وہاں حملہ کرکے اندھا دھند فائرنگ کردی جسکے نتیجے میں ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ بی کے سات کارکنان شدید زخمی ہوگئے ۔زخمیوں میں یونٹ انچارج اظہر، یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ ولد منظور، اکبر علی، رضوان، اسماعیل، احمد علی اور وقارالحسن شامل ہیں۔زخمی کارکنوں کوفوری طور پر علاقے میں واقع اسپتال دارالصحت لے جایا گیا، حالت نازک ہونے کے باعث انہیں عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا تاہم یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے ۔زخمیوں میں سے اظہر اور اکبر عباسی شہید اسپتال، رضوان اور اسماعیل جناح اسپتال، احمد علی لیاقت نیشنل اسپتال اور وقارالحسن کو آغا خان اسپتال منتقل کردیا گیا۔دو کارکنوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے ۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر، واسع جلیل، کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج عماد صدیقی، شکیل، ارکان اسمبلی شیخ صلاح الدین، ریحان ظفر اور میڈیکل ایڈ کمیٹی اور گلستان جوہر سیکٹر کے ذمہ داران اسپتال پہنچ گئے اور وہاں مشتعل کارکنوں کودلاسہ دیا۔

☆☆☆☆☆

## امن دشمن قوتیں کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے دہشت گردی کی کارروائیاں کررہی ہیں۔الطاف حسین
## کارکنان پرامن رہیں،صبر وبرداشت سے کام لیں اوراپنے جذبات قابو میں رکھیں

لندن۔۔۔23 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلستان جوہر میں ایم کیوایم کے یونٹ آفس پر مسلح دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے اور دہشت گردوں کی وحشیانہ فائرنگ سے ایم کیوایم کی یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ کی شہادت پر دلی صدمہ اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ امن دشمن قوتیں کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے دہشت گردی کی کارروائیاں کررہی ہیں ۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردوں کی تمام تر دہشت گردی کے باوجود پرامن رہیں، صبر وبرداشت سے کام لیں اوراپنے جذبات قابو میں رکھیں۔ انہوں نے رضوان شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رضوان شاہ شہید کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ۔

## ایم کیوایم کے یونٹ آفس پر حملے میں ملوث اے این پی کے دہشت گردوں کوگرفتار کیا جائے۔رابطہ کمیٹی

## اے این پی نے شہر میں دہشت گردی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے تاکہ لینڈ مافیا کے خلاف کارروائیوں کو رکوایا جاسکے

کراچی۔۔۔23جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلستان جوہر میں ایم کیوایم کے یونٹ آفس پر مسلح دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے اور دہشت گردوں کی وحشیانہ فائرنگ سے ایم کیوایم کی یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ کی شہادت اور کئی کارکنوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جب سے کراچی میں لینڈ مافیا کے خلاف کارروائی کا آغاز ہوا ہے لینڈ مافیا کی سرپرست اے این پی کی جانب سے شہر میں دہشت گردی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے تاکہ لینڈ مافیا کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں قبضوں کے خاتمہ کیلئے کی جانے والی کارروائیوں کو رکوایا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آج گلستان جوہر میں اے این پی کے مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے یونٹ آفس پر اندھادھند فائرنگ کی اور وہاں بیٹھے ہوئے ذمہ داروں اور کارکنوں پر جدید وخودکار ہتھیاروں سے وحشیانہ فائرنگ کی جسکے نتیجے میں ایم کیوایم کی یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ شہید اور یونٹ انچارج اظہر سمیت چھ کارکنان شدید زخمی ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ڈرگ مافیا، اسلحہ مافیا اور لینڈ مافیا کی جماعت اور تشدد اور دہشت گردی کی سیاست کرنے والی جماعت اے این پی نے شہر کا امن خراب کرنے کیلئے اسلحہ کے ذور پر دہشت گردی کا بازار گرم کرنا شروع کر دیا ہے جسے شہر کا کوئی بھی امن پسند شہری برداشت نہیں کرسکتا۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور تمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے یونٹ آفس پر حملے کے اس واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے، حملے میں ملوث اے این پی کے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور ڈرگ مافیا، اسلحہ مافیا اور لینڈ مافیا کے اس ٹولے کی دہشت گردی بند کرائی جائے۔

☆☆☆☆☆